نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

امریکی محکمہ خارجہ

دفتر ترجمان

واشنگٹن ڈی سی

13 ِ اکتوبر 2006ء

میڈیا نوٹ

ایوارڈ فار کارپوریٹ ایکسیلینس برائے 2006ء کے فائنل میں پہنچنے والی کمپنیوں کا اعلان

فائزر (Pfizer) پاکستان اُن بارہ کمپنیوں میں سے ایک ہے جسے گزشتہ ہفتے (2 ِ اکتوبر) کو امریکی وزیر خارجہ کے ممتاز ایوارڈ فار کارپوریٹ ایکسیلینس 2006ء کے فائنل کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ دنیا بھر میں امریکی سفیروں کی جانب سے 55 نامزدگیوں میں سے ایوارڈ فار کارپوریٹ ایکسیلینس کے آخری مرحلہ کیلئے تجارت کے عالمی رہنماؤں کا انتخاب اس امر کا اعتراف ہے کہ امریکی کاروباری ادارے بیرون ملک ایک اچھے کارپوریٹ شہری کا کردار ادا کرتے ہیں۔ فائزر کو ماحولیاتی نگرانی، قانون کی حکمرانی اور کارپوریٹ شہریت کی جاری سرگرمیوں اور پاکستان میں 8 ِ اکتوبر 2005ء کے المناک زلزلہ پر اپنے جامع روعمل کی تکمیل میں کامیابیوں کے اعتراف میں اس ایوارڈ کیلئے نامزد کیا گیا ہے۔

زلزلہ کے حوالے سے دیگر سرگرمیوں کے علاوہ، فائزر کے چیف ایگزیٹو افسر ہینک میک کینل نے رضاکارانہ طور پر چار دیگر امریکی تاجر رہنماؤں کے ساتھ جنوبی ایشیا میں زلزلہ کے امدادی فنڈ (SAERF) کے بورڈ کے رکن بنے۔ یہ فاؤنڈیشن امریکی صدر جارج ڈبلیو بش نے اکتوبر 2005ء میں زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے عطیات جمع کرنے کیلئے قائم کی تھی۔ (اس فنڈ کو 19 ملین ڈالر نقد رقوم اور وعدوں کی صورت میں ملے)۔ فائزر نے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امداد کیلئے بھی پیش قدمی کی اور فائزر فاؤنڈیشن کے ذریعہ 12 ملین ڈالر مالیت کی امداد کا وعدہ کیا جس میں 2 ملین ڈالر کی نقد امداد اور 10 ملین ڈالر ادویات، کمبل، خیمے، خوراک اور آمدورفت کی سہولتوں کی شکل میں شامل تھے۔ فائزر نے اپنے ملازمین کو امدادی کوششوں میں حصہ لینے کیلئے بھی متحرک کیا۔ فائزر پاکستان نے اپنے ملازمین کی جانب سے دیئے گئے عطیات کی مساوی رقم عطیہ کر کے مزید ایک ملین ڈالر نقد اور سامان کی صورت میں فراہم کئے جو مختلف تنظیموں مثلاً سیو دی چلڈرن (Save the Children) اور انٹرنیشنل ریڈ کراس کو مہیا کر دیئے گئے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3

پاکستان میں امریکہ کے ناظم الامور پیٹر بوڈی نے کہا ہے کہ فائزر کا زلزلہ کے بعد فوری ردعمل اس بات کا عکاس ہے کہ نجی سطح پر انسانیت کی ہمدردی دنیا بھر میں مصائب وآلام کو کم کرسکتی ہے۔ وہ اس نامزدگی کی مستحق تھی۔

امریکی وزیر خارجہ کی جانب سے 1999ء سے اعلیٰ اور اچھے کارپوریٹ شہریت، جدت واختراع اور جمہوری اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کرنے کے اعتراف کے طور پر ایوارڈ فار کارپوریٹ ایکسیلینس امریکی کاروباری اداروں کو دیا جاتا ہے۔ محکمہ خارجہ نے دنیا بھر میں ان مثالی روایات کے فروغ اور ملک میں اور بیرون ملک زندگیوں کو بہتر بنانے کیلئے امریکی کاروباری اداروں کے ساتھ کام کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ ایوارڈ فار کارپوریٹ ایکسیلینس مثالی کاروباری روایات کی دنیا بھر میں فروغ کیلئے محکمہ خارجہ کے عزم کا عکاس ہے۔

ایوارڈ کے مقابلہ کے آخری مرحلہ میں پہنچنے والی کمپنیوں کے نام یہ ہیں: چین میں اے پی سی او، انڈونیشیا میں شیورون، میکسیکو میں کوکا کولا، ویت نام میں ڈیلٹا کنسٹرکشن، کولمبیا میں جنرل موٹرز، چلی میں گولڈ مین ساچز، بینن میں کیر میک گی، گوئٹے مالا میں میک ڈونلڈ، مصر میں مائیکروسافٹ، عراق میں موٹرولا، پاکستان میں فائزر اور برازیل میں سمبازون۔

ان بارہ کمپنیوں میں سے ایک یا ایک سے زیادہ جیتنے والوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ وزیر خارجہ کونڈولیزا رائس 6 نومبر کو امریکی محکمہ خارجہ واشنگٹن ڈی سی میں ایوارڈ فار کارپوریٹ ایکسیلینس برائے 2006ء کے جیتنے والوں کے ناموں کا اعلان کریں گی۔